کر تلوار اوسکی ہاتھہ مین کھینچی ہوئی تہی کہا کون بچاویگا تجکو مجہسی پس کہا مینی اللہ بچاویگا تین بار

وَلَمْ يُعَاقِبْهُ وَجَلَسَ ٭ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور نہ تنبیہ کی حضرت نے اوسکو اور بیٹہی ٭ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّي لَاَعْلَمُ اٰيَةً لَوْ اَخَذَ النَّاسُ بِهَا لَكَفَتْهُمْ

وسلم نے فرمایا تحقیق مین البتہ جانتا ہون ایک آیت اگر عمل کرین لوگ اوسپر البتہ کفایت کرے

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ

اور جو کوئی ڈرے اللہ سے کرتا ہی اوسکے لئی جگہ نجات کی اور رزق دیتا ہی اوسکو اوس جگہ سی

لَا يَحْتَسِبُ ٭ كَانَ اَخَوَانِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

کہ گمان نہین کرتا ٭ تہے دو بہائی زمانہ نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَحَدُهُمَا يَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

علیہ وسلم مین پس تہا ایک اونمین کا آتا نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ يَحْتَرِفُ فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ النَّبِيَّ

وسلم کے پاس اور دوسرا حرفہ کرتا پس شکوہ لایا حرفہ والا بہائی اپنی کا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهِ ٭

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا شاید کہ تو رزق دیا جاتا ہی بسبب برکت اوسکے

اِنَّ قَلْبَ ابْنِ اٰدَمَ بِكُلِّ وَادٍ شُعْبَةٌ فَمَنْ اَتْبَعَ

تحقیق دل ابن آدم کا بیچ ہر نالی کے ایک شاخ ہی پس جسنے پیچہے لگایا

یعنی تقوی کرے اللہ سے ...
نجات دیگا اللہ ... سے ...
اور رزق دیگا ...
اور دو کل ہی ...

فَقَلْبَهُ

قَلْبَهُ الشُّعَبُ كُلُّهَا لَمْ يُبَالِ اللّٰهُ بِاَيِّ وَادٍ اَهْلَكَهُ وَمَنْ

ڈالی اپنی کو ہر طرح کی فکر و تفکری نہیں پروا کرتا اللہ کہ کس نالی میں ہلاک کیا اسکو اور جو

تَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ كَفَاهُ الشُّعَبُ كُلَّهَا قَالَ رَبُّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ

کوئی توکل کری اللہ پر کفایت کرتا ہی اوسکو سب فکروں کو فرمایا رب تمہاری نے بزرگ و غالب

لَوْ اَنَّ عَبِيْدِيْ اَطَاعُوْنِيْ لَاَسْقَيْتُهُمُ الْمَطَرَ بِاللَّيْلِ

اگر تحقیق بندے میرے اطاعت کریں میری البتہ برساؤں انپر مینہ رات کو

وَاَطْلَعْتُ عَلَيْهِمُ الشَّمْسَ بِالنَّهَارِ وَلَمْ اُسْمِعْهُمْ صَوْتَ

اور نکالوں انپر آفتاب دنکو اور نہ سنا دوں انکو آواز

الرَّعْدِ ۞ دَخَلَ رَجُلٌ عَلٰى اَهْلِهِ فَلَمَّا رَاٰى مَا بِهِمْ

گرجنی کی آیا ایک شخص اپنی گہر والوں میں پس جب دیکہی جو کچہہ کہ تہی انکو

مِنَ الْحَاجَةِ خَرَجَ اِلَى الْبَرِّيَّةِ فَلَمَّا رَاَتْ امْرَاَتُهُ

حاجت نکلا طرف جنگل کے یعنی گہبرا کر پس جب دیکہا بیوی اوسکی نے

قَامَتْ اِلَى الرَّحٰى فَوَضَعَتْهَا وَاِلَى التَّنُّوْرِ فَسَجَرَتْهُ

کہڑی ہوئی طرف چکی کے پس تیار کیا اوسکو اور گئی طرف تنور کے پس جہونکا اوسکو

ثُمَّ قَالَتْ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا فَنَظَرَتْ فَاِذَا الْجَفْنَةُ قَدِ

پہر کہا یا اللہ رزق دی ہمکو پس دیکہا اوسنی کہ ناگاہ گرنڈ تحقیق

امْتَلَاَتْ قَالَ وَذَهَبَتْ اِلَى التَّنُّوْرِ فَوَجَدَتْهُ

بہر گیا تہا کہا ابو ہریرہ نے اور گئی طرف تنور کے پس پایا اوسکو

مُمْتَلِئًا قَالَ فَرَجَعَ الزَّوْجُ قَالَ اَصَبْتُمْ بَعْدِيْ شَيْئًا

بہرا ہوا روٹیوں سے کہا ابوہریرہ نے پس بعد کر آیا خاوند کہا پائی تم نے پیچھے میرے کسی چیز کو

قَالَتِ امْرَاَتُهٗ نَعَمْ مِنْ رَبِّنَا وَقَامَ اِلَى الرَّحٰى

کہا بی بی اوسکی نے ہان رب اپنی سے اور کہڑا ہوا خاوند طرف چکی کے

فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

پس مذکور ہوا یہہ روبرو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا

اَمَا اِنَّهٗ لَوْ لَمْ يَرْفَعْهَا لَمْ تَزَلْ تَدُوْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

آگاہ ہو تحقیق وہ اگر نہ اوٹھاتا اوسکو ہمیشہ چلتی رہتی قیامت تلک

اِنَّ الرِّزْقَ لَيَطْلُبُ الْعَبْدَ كَمَا يَطْلُبُهٗ اَجَلُهٗ

تحقیق رزق البتہ طلب کرتا ہی بندیکو جیسیکہ طلب کرتی ہی اوسکو اجل اوسکی

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

روایت ہی ابن مسعود سے کہا گویا کہ مین دیکہتا ہون طرف رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْكِيْ نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ

صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ بیان کرتی تہی وہ ایک نبی کا انبیا مین سے

ضَرَبَهٗ قَوْمُهٗ فَاَدْمَوْهُ وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ

کہ مارا اونکو قوم اونکی نے پس خون آلودہ کیا اونکو اور وہ پونچہتی تہی لہو مونہہ

وَجْهِهٖ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ

اپنی سے اور کہتی تہی یا اللہ بخش قوم میری کو پس تحقیق

لا يعلمون ۞ باب ريا اور سمعة كا قال رسول الله

وہ نہیں جانتی ۔ ریاکاری ۔ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ان الله لا ينظر الى صوركم

صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالی نہیں دیکھتا طرف صورتوں تمہاری

واموالكم ولكن ينظر الى قلوبكم واعمالكم ۞

اور مالوں تمہارے کے ولیکن دیکھتا ہی طرف دلوں تمہارے کے اور عملوں تمہارے کے

قال الله تعالى انا اغنى الشركاء عن الشرك من

فرمایا اللہ تعالی نے میں بہت بے پروا شریکوں کا ہوں شرک سی جسنے

عمل عملا اشرك فيه معي غيري تركته وشركه

کیا کوئی کام کہ شریک کیا اوسمیں ساتھ میری غیر میرے کو چھوڑ دونگا اوسکو ساتھ شرک اوسکے

وفي رواية فانا منه بريء هو للذي عمله ۞

اور ایک روایت میں ہی پس میں اوس سے بیزار ہوں وہ عمل اوس شخص کے لیے ہی کہ کیا وہ اوسکی

من سمع سمع الله به ومن يرائي يرائي الله

جو کوئی سناوی سناوی گا اللہ اوسکو اور جو کوئی دکھاوی دکھاویگا اللہ

به ۞ قيل لرسول الله صلى الله عليه وسلم ارايت

اوسکو عرض کیا گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے خبر دو

الرجل يعمل العمل من الخير ويحمده الناس

اوس شخص کی کہ کرتا ہی عمل اچھا اور تعریف کرتے ہیں اوسکی لوگ

عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ وَيُحِبُّهُ النَّاسُ عَلَيْهِ قَالَ تِلْكَ

اوسپر اور ایک روایت میں ہی اور دوست رکہتی ہین اوسکو لوگ اوسپر فرمایا یہہ

عَاجِلُ بُشْرَى الْمُؤْمِنِ ۞ إِذَا جَمَعَ اللَّهُ النَّاسَ يَوْمَ

جلدی ہی بشارت مومن کی ف جب جمع کریگا اللہ لوگونکو دن

الْقِيٰمَةِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيهِ نَادَى مُنَادٍ مَنْ كَانَ

قیامت کے اوسدن کی لئی نہین شک بیچ اوسکے پکاریگا پکارنیوالا جو کوئی ہو

أَشْرَكَ فِي عَمَلٍ عَمِلَهُ لِلَّهِ أَحَدًا فَلْيَطْلُبْ ثَوَابَهُ

کہ شریک کیا ہو کسیکو بیچ عمل کے کہ کیا تہا اوسکو اللہ کے لئی پس چاہیی کہ مانگی ثواب اوسکا

مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ

نزدیک غیر خدا سے پس تحقیق اللہ بہت بی پروا شریکونکا ہی شرک سے

۞ مَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِهِ سَمَّعَ اللَّهُ بِهِ أَسَامِعَ

جو کوئی سنا دی لوگونکو عمل اپنا سناویگا اللہ اوسکو کانون

خَلْقِهِ وَحَقَّرَهُ وَصَغَّرَهُ ۞ مَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ طَلَبَ

خلق اپنی کو اور حقیر کریگا اوسکو اور ذلیل کریگا اوسکو جو کوئی کہ ہووی نیت اوسکی طلب

الْآخِرَةِ جَعَلَ اللَّهُ تَعَالَى غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ

آخرت کی کرتا ہی اللہ تعالے بی پروائی اوسکی بیچ دل اوسکے کی ف ۱۲ اور جمع کرتا ہی اوسکی لئی

وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ وَمَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ

اور آتی ہی اوسکو دنیا اور وہ ذلیل ہوتی ہی ف اور جو کوئی کہ ہووی نیت اوسکی

لِطَلَبِ الدُّنْيَا جَعَلَ اللّٰهُ الْفَقْرَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَشَتَّتَ

طلب دنیا کی کرتا ہی اللہ تعالے محتاجگی روبرو اوسکی اور پریشانی کرتا ہی

عَلَيْهِ أَمْرَهُ وَلَا يَأْتِيهِ مِنْهَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ

اوسپر امر اوسکا اور نہین آیا اوسکو دنیا سی مگر جو کچھ کہ مقدر ہی اوسکی لئے

قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَيْنَا أَنَا فِي بَيْتِي فِي مُصَلَّايَ

کہا ابو ہریرہ نے کہ کہا مینے ای رسول خدا اوسوقت کہ ہو رہین گہر اپنی مین بیچ مصلا اپنی کے

إِذْ دَخَلَ عَلَيَّ رَجُلٌ فَأَعْجَبَنِي الْحَالُ الَّتِي رَآنِي عَلَيْهَا

کہ ناگاہ داخل ہو مجہپر ایک شخص پس خوش لگے مجکو وہ حال کہ دیکہی وہ مجہی اوسپر ف ۱

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَكَ اللّٰهُ

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رحم کری تجکو اللہ تعالے

يَا أَبَا هُرَيْرَةَ لَكَ أَجْرَانِ أَجْرُ السِّرِّ وَأَجْرُ الْعَلَانِيَةِ

ای ابو ہریرہ تیری لئی دو اجر ہین اجر پوشیدگی کا اور اجر ظاہر کا ف ۲

يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ يَخْتِلُونَ الدُّنْيَا بِالدِّينِ

نکلین گے اخیر زمانے مین ایک لوگ کہ طلب کرینگے دنیا کو ساتہ عمل آخرۃ کے

يَلْبَسُونَ لِلنَّاسِ جُلُودَ الضَّأْنِ مِنَ اللِّينِ أَلْسِنَتُهُمْ

پہنینگے رجوع لوگونکے لئے چمڑی بہیڑ کے بسبب ظاہر کرنے نرمی اور تواضع کے زبانین اونکی

أَحْلَى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوبُهُمْ قُلُوبُ الذِّئَابِ

بہت میٹھی ہونگی شکرسے اور دل اونکے دل بہیڑیون کے ہونگے

يَقُولُ اللّٰهُ اَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِءُوْنَ فَبِيْ

فرماتاہی اللہ تعالے کیا ساتھہ مہلت دینی میری کے مغرور ہوتے ہیں بلکہ مجہپر جرات کرتے ہیں پس ساتھہ اپنی

حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰی اُولٰئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ

قسم کہاتا ہون مین کہ البتہ بہیجونگا اونپر اونہین مین سے فتنہ کہ چہوڑیگا

الْحَلِيْمَ فِيْهِمْ حَيْرَانَ ﴿﴾ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شِرَّةً

دانا کو اونمین حیران یعنی وہ اوسکی دفع کا علاج نہین جانیگا تحقیق ہر چیز کے لیے زیادتی ہی

وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً فَاِنْ صَاحِبُهَا سَدَّدَ وَقَارَبَ

اور ہر زیادتی کے لیے سستی ہی پس اگر صاحب اوسکے نے میانہ روی کی اور استقامت کی

فَارْجُوْهُ وَاِنْ اُشِيْرَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فَلَا

پس امید رکہو اوسکی فلاح کی اور اگر اشارہ کیا جاوے طرف اوسکی ساتھہ انگلیون کے پس مت

تَعُدُّوْهُ ﴿﴾ بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يُشَارَ اِلَيْهِ

گنو اوسکو فقط کفایت ہی آدمی کو برائی سے یہہ کہ اشارہ کیا جاوے طرف اوسکے

بِالْاَصَابِعِ فِيْ دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

ساتھہ انگلیونکے دین کی بات مین یا دنیا کی بات مین مگر جسکو بچاوی اللہ تعالے

﴿﴾ قَالَ شَهِدْتُ صَفْوَانَ وَاَصْحَابَهٗ وَجُنْدَبٌ

کہا ابو تمیمہ نے حاضر ہوا مین صفوان اور یارون اوسکے پاس اور جندب

يُوْصِيْهِمْ فَقَالُوْا هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

نصیحت کرتے تہے اونکو پس کہا اونہون نے کیا سنا تو نے رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

علیہ وسلم سے کچھ کہا جندب نے سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو کوئی سناویگا اللہ تعالیٰ اوسکو دن قیامت کے

وَمَنْ شَاقَّ شَقَّ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالُوْا

اور جو کوئی مشقت ڈالتا ہی مشقت ڈالیگا اللہ تعالیٰ اوسپر دن قیامت کے کہا انہوں نے

اَوْصِنَا فَقَالَ اِنَّ اَوَّلَ مَا يُنْتِنُ مِنَ الْاِنْسَانِ بَطْنُهٗ

نصیحت کر ہمکو پس کہا تحقیق اول او چیز کا کہ سڑتا ہی آدمی سے پیٹ ہی

فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَّا يَأْكُلَ اِلَّا طَيِّبًا فَلْيَفْعَلْ وَمَنِ

پس جو کوئی کر سکے یہہ کہ نہ کھاوی مگر حلال پس چاہیے کہ کری اور جو کوئی

اسْتَطَاعَ اَنْ لَّا يَحُوْلَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ

کر سکے یہہ کہ نہ حایل ہو درمیان اوسکے اور درمیان جنت کے چلو بھر

مِنْ دَمٍ اَهْرَاقَهٗ فَلْيَفْعَلْ ٭ اَنَّهٗ خَرَجَ يَوْمًا اِلَى مَسْجِدِ

خون فـ۴ کہ گراوی اوسکو پس چاہیے کہ کری تحقیق عمر نکلے ایکدن طرف مسجد

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس پایا معاذ بن

جَبَلٍ قَاعِدًا عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جبل کو بیٹھے ہوئے قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

يَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكَ قَالَ يُبْكِينِي شَيْءٌ سَمِعْتُهُ مِنْ
روتے ہیں کہا کس چیز نے رُلایا تجکو کہا معاذ نے رُلایا مجکو ایک چیز نے کہ سنا ہینے
رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا مینے رسول خدا صلے
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ يَسِيرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَمَنْ عَادَى
اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تحقیق تھوڑا ریا شرک ہی اور جسنے دشمنی کی
لِلّٰهِ تَعَالَى وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
ولی خدا سے پس تحقیق نکلا اللہ تعالے کے روبرو واسطے لڑائی کے تحقیق اللہ تعالے دوست رکھتا ہی
الْأَبْرَارَ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ الَّذِينَ إِذَا غَابُوا لَمْ يُتَفَقَّدُوا
نیکوں پرہیزگاروں پوشیدہ حالونکو وہ جو جب غائب ہوتی ہیں نہیں ڈھونڈھی جاتی
وَإِنْ حَضَرُوا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُقَرَّبُوا قُلُوبُهُمْ مَصَابِيحُ
اور اگر حاضر ہوتے ہیں نہیں بلائے جاتے اور نہیں نزدیک کیے جاتے دل اونکے چراغ
الْهُدَى يَخْرُجُونَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ ❊ إِنَّ الْعَبْدَ
ہدایت کے ہیں نکلتے ہیں ہر زمین تاریک سے ف تحقیق بندا
إِذَا صَلَّى فِي الْعَلَانِيَةِ فَأَحْسَنَ وَصَلَّى فِي السِّرِّ فَأَحْسَنَ
جب نماز پڑھتا ہی ظاہر میں پس اچھی طرح پڑھتا ہی اور نماز پڑھتا ہی پوشیدگی میں پس
قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى هٰذَا عَبْدِي حَقًّا ❊ يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ
فرماتا ہی اللہ تعالے یہ بندہ میرا حق ہے ہوویگی آخر زمانی میں

اقوام

وَ أَنَّ الشَّهْوَةَ الْخَفِيَّةَ أَنْ يُصْبِحَ أَحَدُهُمْ صَائِمًا فَتَعْرِضُ

اور شہوت پوشیدہ یہہ کہ صبح کریگا ایک اونکی کا روزہ سی پس پیش آویگی

لَهُ شَهْوَةٌ مِنْ شَهَوَاتِهِ فَيَتْرُكُ صَوْمَهُ ⁂ قَالَ

اوسکے لیے خواہش خواہشوں اوسکی سے پس چھوڑ دیگا روزہ اپنا کہا ابو سعید نے

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ

کہ برآمد ہوی ہمپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور ہم

نَتَذَاكَرُ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ فَقَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَا هُوَ

ذکر کرتے تھے آپسمیں کانی دجال کا پس فرمایا کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھہ اوسچیز کے

أَخْوَفُ عَلَيْكُمْ عِنْدِي مِنَ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ فَقُلْنَا

بہت خوفناک ہی تمپر نزدیک میری کانی دجال سے پس عرض کیا ہمنے

بَلَى يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الشِّرْكُ الْخَفِيُّ أَنْ يَقُومَ

ہاں یا رسول اللہ فرمایا وہ شرک خفی ہے یہہ کہ کہڑا ہووے

الرَّجُلُ فَيُصَلِّي فَيُزَيِّنُ صَلٰوتَهُ لِمَا يَرَىٰ مِنْ نَظَرِ

آدمی پس نماز پڑہی پس زیادہ کری نماز اپنی واسطی دیکھنی نظر

رَجُلٍ ⁂ لَوْ أَنَّ رَجُلًا عَمِلَ عَمَلًا فِي صَخْرَةٍ لَا بَابَ

آدمی کے اگر تحقیق ایک آدمی کری ایک عمل بیچ پتہر کے نہ دروازہ ہو

لَهَا وَلَا كُوَّةَ خَرَجَ عَمَلُهُ إِلَى النَّاسِ كَائِنًا مَا كَانَ

اوسکے لیے اور نہ سوراخ نکلیگا عمل اوسکا طرف لوگونکے جو کچھہ کہ ہو کا ف

مَنْ كَانَتْ لَهُ سَرِيرَةٌ صَالِحَةٌ اَوْ سَيِّئَةٌ اَظْهَر
جو شخص کہ ہووے اوسکے لئی چھپی خصلت اچھی یا بری ظاہر کرتا ہی
اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْهَا رِدَاءً يُعْرَفُ بِهٖ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى
اللہ تعالیٰ اوس سے ایک علامت کہ پہچانا جاتا ہی بسبب اوسکی فرماتا ہی اللہ تعالیٰ
اِنِّىْ لَسْتُ كُلَّ كَلَامِ الْحَكِيْمِ اَتَقَبَّلُ وَلٰكِنِّىْ اَتَقَبَّلُ
کہ تحقیق نہیں ہوں میں کہ تمام کلام دانا کے قبول کروں میں ولیکن میں قبول کرتا ہوں
هَمَّهٗ وَهَوَاهُ فَاِنْ كَانَ هَمُّهٗ وَهَوَاهُ فِىْ طَاعَتِىْ
قصد و خواہش اوسکی پس اگر ہو قصد و خواہش اوسکے طاعت میری میں
جَعَلْتُ صَمْتَهٗ حَمْدًا لِّىْ وَوَقَارًا وَّاِنْ لَّمْ يَتَكَلَّمْ
کرتا ہوں میں خاموشی اوسکی حمد اپنی لئی اور وقار اور اگرچہ نہ کلام کری وہ

باب رونی اور ڈرنیکا وَاللّٰهِ لَا اَدْرِىْ وَاللّٰهِ لَا
قسم ہی اللہ کی نہیں جانتا میں قسم ہی اللہ کی نہیں
اَدْرِىْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِىْ وَلَا بِكُمْ
جانتا میں اور میں رسول اللہ کا ہوں کہ کیا کیا جاویگا ساتھ میری اور ساتھ تمہاری
عُرِضَتْ عَلَىَّ النَّارُ فَرَاَيْتُ فِيْهَا امْرَاَةً مِّنْ بَنِىْ
ظاہر کی گئی مجھپر دوزخ پس دیکھی میں نے اوسمیں ایک عورت بنی
اِسْرَائِيْلَ تُعَذَّبُ فِىْ هِرَّةٍ لَّهَا رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا
اسرائیل میں سے کہ عذاب دی جاتی تھی بسبب بلی اپنی کہ باندھا تھا اوسکو اور اوسکو

۵۵

نشان صلاح و تقوی و سیاہ کاری و بدکاری جس کے ظاہر کرتا ہے اسکے لئی ایک نشان اور ثمرہ جس سے وہ ... پہچانا جاتا ہی

بیت اگر اوسکے ولیکن ... بہتر ہی ...

حدیث عثمان بن مظعون صحابی نی جب انتقال فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ... ایک عورت نی ... کہا ...

وَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ

اور نہ چھوڑا اوسکو کہ کہاوے چوہے وغیرہ یہان تلک کہ مرگئی

جُوْعًا وَرَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرِ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَهُ

بہوک سے اور دیکہا مینے عمرو بن عامر خزاعی کو کہ کہینچتا تہا آنتین اپنی

فِي النَّارِ وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ ٭ أَنَّ

آگ مین اور تہا وہ اول اوس شخص کا کہ چھوڑی سانڈہ تحقیق

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم آئی زینب بنت جحش پاس ایکدن

فَزِعًا يَقُولُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ

ڈرتی ہوئی فرماتی تہی نہین کوئی معبود مگر اللہ وائی واسطے عرب کے بدی سے

قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ

کہ تحقیق نزدیک ہوئے فساد کہولا گیا آج دیوار یاجوج اور ماجوج سے

مِثْلُ هٰذِهِ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعَيْهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِي

مانند اسکے اور حلقہ کیا ساتہ دو انگلیون اپنی کے ساتہ انگوٹہی کے اور جو

تَلِيْهَا قَالَتْ زَيْنَبُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَفَنَهْلِكُ

پاس اوسکے ہی کہا زینب نے پس کہا مینے ای رسول خدا کیا ہلاک ہوونگے ہم

وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ ٭

اور ہم مین اچہی لوگ ہونگے فرمایا ہان جب بہت ہونگی برائیان

ف: راوی اس حدیث کی عروہ بن زبیر ہین اور انکا نکاح پہلا عثمان سے ہوا تہا

پیشگوئی

لَيَكُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِیْ اَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْخَزَّ وَالْحَرِيْرَ

البتہ پیدا ہونگی امت میری سے ایک لوگ کہ حلال جانینگے خز اور ریشمی کپڑے کو

وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ وَلَيَنْزِلَنَّ اَقْوَامٌ اِلٰی جَنْبِ

اور شراب کو اور باجونکو اور البتہ اوتریگے ایک لوگ ایک طرف پہاڑ کے

عَلَمٍ يَرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَّهُمْ يَاْتِيْهِمْ رَجُلٌ

آتی کی اون پر مواشی اونکی آویگا اونکے پاس ایک آدمی

لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُوْنَ ارْجِعْ اِلَيْنَا غَدًا فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ

کسی حاجت کو پس کہینگے پھر آنا ہمارے پاس کل کو پس ہلاک کریگا اونکو اللہ رات کو

وَيَضَعُ الْعَلَمَ وَيَمْسَخُ اٰخَرِيْنَ قِرَدَةً وَّخَنَازِيْرَ اِلٰی

اور گرادیگا اوپر پہاڑ اور صورت بدل دیگا اور جماعت کی بندر اور سور

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ٭ اِذَا اَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا اَصَابَ

قیامت تلک ٭ جب اوتارتا ہے اللہ تعالیٰ ایک قوم پر عذاب پہنچتا ہے

الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيْهِمْ ثُمَّ بُعِثُوْا عَلٰی اَعْمَالِهِمْ ٭

عذاب جو ہوں اونمیں یعنی سبکو پھر اوٹھائے جاوینگے آخرت میں عملوں اپنے پر

يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰی مَا مَاتَ عَلَيْهِ ٭ مَا رَاَيْتُ

اوٹھایا جاویگا ہر بندہ اوپر اوسیکے کہ مرا ہے اوسپر ٭ نہیں دیکھی میں نے کوئی چیز

مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا

سختی میں مثل دوزخ کی کہ سووے بھاگنے والا اوسکا اور نہ مثل بہشت کے بھلائی میں کہ سووے طلب کرنیوالا اوسکا

اِنِّی اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَا لَا تَسْمَعُوْنَ اَطَّتِ
تحقیق میں دیکھتا ہوں جو چیز کہ نہیں دیکھتے ہو تم اور سنتا ہوں میں وہ چیز کہ نہیں سنتے ہو تم آواز کرتا ہی
السَّمَآءُ وَحُقَّ لَهَا اَنْ تَئِطَّ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ
آسمان اور لائق ہی اوسکو یہہ کہ آواز کرے قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکی ہاتہہ میں
مَا فِیْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ
نہیں ہی اوسمیں جگہ چار انگشت کی مگر کہ فرشتہ رکھی ہوئی ہے
جَبْهَتَهٗ سَاجِدًا لِّلّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ
پیشانی اپنی حال یہہ کہ سجدہ کرنیوالا ہی واسطے اللہ کے قسم ہی خدا کی اگر جانو تم جو کچھ جانتا ہوں میں
لَضَحِكْتُمْ قَلِیْلًا وَّلَبَكَیْتُمْ كَثِیْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ
توالبتہ ہنسو تم تہوڑا اور روؤ تم بہت اور نہ لذت اوٹہاؤ تم
بِالنِّسَآءِ عَلَی الْفُرُشَاتِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَی الصُّعُدَاتِ
ساتہہ عورتونکی بچہونوں پر اور نہ نکلو تم طرف راہوں کے
تَجْاَرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی قَالَ اَبُوْذَرٍّ یٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ
فریاد کرتے ہوئی طرف اللہ تعالیٰ کے کہا ابوذر نے ای کاشکے میں ہوتا
شَجَرَةً تُعْضَدُ ٭ یَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهٗ اَخْرِجُوْا
درخت کہ کاٹا جاتا ف فرماویگا اللہ کہ بزرگ ہی ذکر اوسکا نکالو
مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِیْ یَوْمًا اَوْ خَافَنِیْ فِیْ مَقَامٍ ٭
دوزخ سے اوسکو کہ یاد کیا مجکو ایک وقت یا ڈرا مجہسے کسی جگہ میں ف

قالت سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہا عائشہ نے پوچھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

عن هذه الآية والذين يؤتون ما آتوا وقلوبهم

معنے اس آیت کے اور وہ لوگ کر دیتے ہیں وہ چیز کہ دیتے ہیں اور دل اونکے

وجلة أهم الذين يشربون الخمر ويسرقون قال

ڈرتے ہوتے ہیں کیا وہ وہ ہیں کہ پیتے ہیں شراب اور چراتے ہیں فرمایا

لا يا ابنة الصديق ولكن هم الذين يصومون

نہیں اے بیٹی صدیق کی ولیکن وہ وہ ہیں کہ روزہ رکھتے ہیں

ويصلون ويتصدقون وهم يخافون أن لا يقبل

اور نماز پڑھتے ہیں اور خیرات کرتے ہیں اور وہ ڈرتے ہیں کہ نہ قبول کیا جاوے

منهم أولئك الذين يسارعون في الخيرات ×

اونسے یہہ وہ لوگ ہیں کہ جلدی کرتے ہیں بیچ بھلائیوں کے

كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا ذهب ثلثا الليل

تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب جاتی دو تہائی رات

قام فقال يا أيها الناس اذكروا الله اذكروا الله

کھڑے ہوتے پس کہتے اے لوگو یاد کرو اللہ کو یاد کرو اللہ کو

جاءت الراجفة تتبعها الرادفة جاء الموت

آیا نفخہ پہلا پیچھے آویگا اوسکے نفخہ دوسرا آئی موت

أنهم إلى ربهم راجعون أولئك يسارعون في الخيرات وهم لها سابقون

بِمَا فِيْهِ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ ۞ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

ساتھ اوس چیز کے کہ اوس میں ہے آئی موت ساتھ اوس چیز کی کہ اوس میں ہے ف نکلی نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلٰوةٍ فَرَأَى النَّاسَ كَأَنَّهُمْ يَكْتَشِرُوْنَ

علیہ وسلم نماز کے لئے پس دیکھا لوگونکو کہ وہ ہنستے ہیں

قَالَ اَمَا اِنَّكُمْ لَوْ اَكْثَرْتُمْ ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ لَشَغَلَكُمْ

فرمایا آگاہ ہو تحقیق تم اگر بہت کرتے یاد توڑنیوالی لذتونکی یعنی موت تو البتہ باز رکھتی تمکو

عَمَّا اَرَى الْمَوْتِ فَاَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ

اوس چیز کی کہ دیکھتا ہوں میں پس بہت کرو یاد توڑنیوالی لذتونکی کہ موت ہی

فَاِنَّهُ لَمْ يَأْتِ عَلَى الْقَبْرِ يَوْمٌ اِلَّا تَكَلَّمَ فَيَقُوْلُ اَنَا

پس تحقیق نہیں گذرتا ہی قبر پر کوئی دن مگر کہ بولتی ہے پس کہتی ہی میں

بَيْتُ الْغُرْبَةِ وَاَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا بَيْتُ التُّرَابِ

گھر غریبی کا ہوں اور میں گھر تنہائی کا ہوں اور میں گھر مٹی کا ہوں

وَاَنَا بَيْتُ الدُّوْدِ وَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ قَالَ

اور میں گھر کیڑونکا ہوں اور جب دفن کیا جاتا ہی بندہ مومن کہتی ہی

لَهُ الْقَبْرُ مَرْحَبًا وَّاَهْلًا اَمَا اِنْ كُنْتَ لَاَحَبَّ مَنْ

اوسکے لئے قبر فراغت کی جگہ آیا تو اور اپنی اہل میں آیا آگاہ ہو تحقیق تھا تو البتہ بہت محبوب طرف میری

يَمْشِيْ عَلٰى ظَهْرِيْ اِلَيَّ فَاِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ

ان لوگوں میں کہ چلتا تھا اوپر پیٹھ میری پس جب حاکم ہوئی میں تجہپر آج اور آیا تو

إِلَيَّ فَسَتَرَى صَنِيعِي بِكَ قَالَ فَيَتَّسِعُ لَهُ مَدَّ بَصَرِهِ

طرف میری پس قریب ہی کہ دیکھیگا تو سلوک میرا ساتھہ اپنی فرمایا پس فراخ ہوتی ہی قبر اوسکی بقدر پہنچنی نظر اوسکی

وَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى الْجَنَّةِ وَإِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ

اور کہولا جاتا ہی اوسکے لیی دروازہ طرف جنت کے اور جب دفن کیا جاتا ہی بندہ بدکار

أَوِ الْكَافِرُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ لَا مَرْحَبًا وَلَا أَهْلًا أَمَا

یا کافر کہتی ہی اوسکے لئے قبر نہ فراخت ہی تیری لیے اور نہ اپنی اہل میں آیا آگاہ ہو

إِنْ كُنْتَ لَأَبْغَضَ مَنْ يَمْشِي عَلَى ظَهْرِي إِلَيَّ فَإِذْ

تحقیق تہا تو البتہ بہت برا طرف میری اوسکا کہ چلتا ہی مجہپر پس جب

وُلِّيتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ إِلَيَّ فَسَتَرَى صَنِيعِي بِكَ

حاکم ہوئی میں آج تجہپر اور آیا تو طرف میری پس قریب ہے کہ دیکہیگا تو کام میرا ساتہہ اپنی

قَالَ فَيَلْتَئِمُ عَلَيْهِ حَتَّى تَخْتَلِفَ أَضْلَاعُهُ قَالَ

کہا حضرت نے پس ملتی ہی قبر اوسپر یہانتک کہ آپسمیں مل جاتی ہیں پسلیان اوسکی کہا راوی نے

وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَصَابِعِهِ

اور ارشاد کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتہہ انگلیوں اپنی کے

فَأَدْخَلَ بَعْضَهَا فِي جَوْفِ بَعْضٍ قَالَ وَيُقَيَّضُ لَهُ

پس داخل کیا بعض اونکو اندر بعض کے کہا حضرت نے اور متعین ہوتے ہیں اوسکے لیے

سَبْعُونَ تِنِّينًا لَوْ أَنَّ وَاحِدًا مِنْهَا نَفَخَ فِي الْأَرْضِ

ستر اژدہا اگر تحقیق ایک اونمیں سے پہنکار ماری زمین میں

مَا اَنْبَتَتْ شَيْئًا مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا فَيَنْهَسْنَهُ وَ

تو نہ اگاوی زمین کچھ جب تلک کہ باقی رہے دنیا پس کاٹتی ہیں اوسکو اور

يَخْدِشْنَهُ حَتّٰى يُفْضٰى بِهٖ اِلَى الْحِسَابِ قَالَ وَقَالَ

ڈسّتی ہیں اوسکو یہان تلک کہ لایا جاوے اوسکو طرف حساب کے کہا راوی نے اور فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سوا اسکے نہیں کہ قبر ایک باغ ہی

مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النَّارِ ٭ قَالُوا

باغوں جنت سے یا ایک گڑھا ہی گڑھوں دوزخ سے عرض کیا صحابہ نے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ وَاَخَوَاتُهَا

ای رسول خدا تحقیق بوڑہی ہوی آپ فرمایا بوڑھا کیا مجکو سورہ ہود نے اور بہنوں اوسکی نے

قَالَ اِنَّكُمْ لَتَعْمَلُوْنَ اَعْمَالًا هِيَ اَدَقُّ فِيْ اَعْيُنِكُمْ

کہا انس نے کہ تحقیق تم البتہ کرتے ہو عمل کہ وہ بہت باریک ہیں آنکھوں تمہاری میں

مِنَ الشَّعْرِ كُنَّا نَعُدُّهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

بال سے گنتے تھے ہم اونکو اوپر زمانے رسول خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ يَعْنِي الْمُهْلِكَاتِ ٭

اللہ علیہ وسلم کے موبقات سے یعنے ہلاک کرنیوالے ف۲

قَالَ يَا عَائِشَةُ اِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ فَاِنَّ

فرمایا حضرت نے ای عائشہ بچا تو اپنی تئین صغیرہ گناہوں سے پس تحقیق

ف یعنی جب سورۂ ہود میں احوال قیامت کا ہی مثل سورۂ واقعہ اور والمرسلات اور عم یتساءلون اور اذا الشمس کورت کی اسلیے

ف۲ یعنی صغیرہ گناہ جو ہم سمجھتے تھے اوسکو ہم صغیرہ اور چھوٹا حالانکہ وہ مہلکات اور گناہ کبیرہ سے ہی شمار ہوتے

لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا ۞ اَمَرَنِی رَبِّی بِتِسْعٍ خَشْيَةِ

واسطی اونکی اللہ کی طرف سی مطالبہ کرنیوالا یعنی ملائکہ ہے حکم کیا مجکو رب میری نی ساتھہ نو باتونکی ساتھہ خوف

اللّٰهِ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَكَلِمَةِ الْعَدْلِ فِی الْغَضَبِ

خدا کے پوشیدہ اور ظاہر مین اور ساتھہ بات عدل کے غصہ

وَالرِّضَا وَالْقَصْدِ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنَا وَاَنْ اَصِلَ

اور خوشی مین اور ساتھہ میانہ روی کی فقر اور غنا مین اور ساتھہ اسکی کہ صلہ رحم کرون

مَنْ قَطَعَنِی وَاُعْطِی مَنْ حَرَمَنِی وَاَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنِی

اوس کہ کاٹی مجسے اور دون مین اوسکو کہ محروم رکہی مجکو اور عفو کرون اوس سے کہ ظلم کری مجہپر

وَاَنْ يَكُوْنَ صَمْتِی فِكْرًا وَنُطْقِی ذِكْرًا وَنَظَرِی عِبْرَةً

اور ساتھہ اسکے کہ ہووے خاموشی میری فکر اور گویائی میری ذکر خدا اور نظر میری عبرۃ

وَاٰمُرَ بِالْعُرْفِ ۞ مَا مِنْ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ يَخْرُجُ مِنْ

اور حکم کرون مین ساتھہ اچھی باتونکے نہین ہی کوئی بندہ مؤمن کہ نکلے

عَيْنَيْهِ دُمُوْعٌ وَاِنْ كَانَ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْيَةِ

آنکہون اوسکے سی آنسو اور اگرچہ ہو مانند سر مکہی کے خوف

اللّٰهِ ثُمَّ يُصِيْبُ شَيْئًا مِنْ حُرِّ وَجْهِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ

خداتعالی کی سے پہر پہونچی کسی چیز کو بہتر جگہ چہرہ اوسکے سے مگر کہ حرام کرتا ہی اوسکو

اللّٰهُ عَلَى النَّارِ بَابُ تَغَيُّرِ آدَمِیُّوْنَ كَا اِنَّمَا النَّاسُ

اللہ دوزخ پر سوا اسکے نہین کہ لوگ

كَالْإِبِلِ الْمِائَةِ لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً ؞

مانند سو اونٹوں کے ہیں نہیں قریب ہے کہ پاوے تو اونمیں کوئی قابل سواری کے

يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ وَتَبْقَى حُفَالَةٌ

جاتے رہیں گے اچھے لوگ مرتبہ بمرتبہ اور باقی رہیگی بھوسی

كَحُفَالَةِ الشَّعِيرِ أَوِ التَّمْرِ لَا يُبَالِيهِمُ اللَّهُ بَالَةً ؞

مانند بھوسی جو کے یا کھجور کے نہیں پروا کریگا اونکی اللہ پروا کرنا

إِذَا مَشَتْ أُمَّتِي الْمُطَيْطِيَاءَ وَخَدَمَتْهُمْ أَبْنَاءُ

جب چلیگی امت میری چال تکبر کی اور خدمت کرینگے اونکی

الْمُلُوكِ أَبْنَاءُ فَارِسَ وَالرُّومِ سَلَّطَ اللَّهُ شِرَارَهَا

بادشاہزادے فارس اور روم کے مسلط کریگا اللہ تعالے بروں کو

عَلَى خِيَارِهَا ؞ قَالَ إِنَّا لَجُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى

بہلوں پر کہا حضرت علی نے کہ تحقیق ہم بیٹھے تھے ساتھ رسول خدا صلے

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَاطَّلَعَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بْنُ

اللہ علیہ وسلم کے مسجد میں پس آئے ہمپر مصعب بن

عُمَيْرٍ مَا عَلَيْهِ إِلَّا بُرْدَةٌ لَهُ مَرْقُوعَةٌ بِفَرْوٍ فَلَمَّا رَآهُ

عمیر نہیں تھی اونپر مگر ایک چادر پیوند کی ہوئی ساتھ پوستین کے پس جب دیکھا اونکو

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكَى لِلَّذِي كَانَ فِيهِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے روئے بسبب اوس چیز کے کہ تھے مصعب بیچ

مِنَ النِّعْمَةِ وَالَّذِي هُوَ فِيهِ الْيَوْمَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ

بیچ نعمت کے اور بسبب اوس حال کے کہ وہ اوسمیں ہیں آپ پہر فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكُمْ إِذَا غَدَا أَحَدُكُمْ

صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا حال ہویگا تمہارا جب صبح کریگا ایک تمہارا

فِي حُلَّةٍ وَرَاحَ فِي حُلَّةٍ وَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ

ایک لباس میں اور شام کریگا اور لباس میں اور رکہی جاویگی آگی اوسکے ایک

صَحْفَةٌ وَرُفِعَتْ أُخْرَى وَسَتَرْتُمْ بُيُوتَكُمْ كَمَا

رکابی اور اوٹہائی جاویگی دوسرے اور چہت گیری دیوار گیری لگاؤگے اپنی گہروں کو جیسے کہ

تُسْتَرُ الْكَعْبَةُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ

ڈہانکا جاتا ہی کعبہ پس کہا صحابہ نے ای رسول خدا کے ہم اوسدن

خَيْرٌ مِنَّا الْيَوْمَ نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَةِ وَنُكْفَى الْمُؤْنَةَ

بہتر ہونگے آجکے دن سے فارغ ہونگے ہم عبادت کی لئے اور کفایت کی جاویگی ہم محنت سے

قَالَ لَا أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِنْكُمْ يَوْمَئِذٍ * يَأْتِي

فرمایا نہ تم آج بہتر ہو اوس دن سے آویگا

عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ الصَّابِرُ فِيهِمْ عَلَى دِينِهِ كَالْقَابِضِ

لوگوں پر ایک زمانہ کہ صبر کرنیوالا اونمیں دین اپنی پر مانند پکڑنیوالی کے

عَلَى الْجَمْرِ * إِذَا كَانَ أُمَرَاؤُكُمْ خِيَارَكُمْ وَأَغْنِيَاؤُكُمْ

چنگاریکی ہوگا جب ہونگی سردار تمہاری اچھی اور دولتمند تمہارے

سَأَلْتُهَا بِلَا لَهَا ۞ أُمَّتِي هٰذِهِ أُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ لَيْسَ

ہر گز دیگا اوسکو سا تہہ تر اوت اوسکے یہہ امت میری امت رحمت کی گئی ہے نہیں

عَلَيْهَا عَذَابٌ فِي الْآخِرَةِ عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الْفِتَنُ

اوسپر عذاب آخرت میں عذاب اوسکا دنیا میں فتنی

وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ ۞ كِتَابُ آدَابِ كَا اسمیں

اور زلزلی اور قتل ہے ف

هى بَابُ سلام كا ۞ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

خَلَقَ اللّٰهُ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

آدَمَ عَلٰى صُورَتِهِ طُولُهُ سِتُّونَ ذِرَاعًا فَلَمَّا خَلَقَهُ

پیدا کیا اللہ نے آدم کو اوپر صفت اپنی کے طول اونکا ساٹہہ ہاتہہ کا تہا پس جب پیدا کیا اونکو

قَالَ اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى أُولٰئِكَ النَّفَرِ وَهُمْ نَفَرٌ مِنَ

فرمایا جا پس سلام کر اس جماعت پر اور وہ ہی جماعت

الْمَلٰئِكَةِ جُلُوسٌ فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّونَكَ فَإِنَّهَا تَحِيَّتُكَ

فرشتونکی بیٹھی ہوئی پس سن جو کچھ جواب سلام کا دیں وہ تجکو پس تحقیق وہ سلام تیرا

وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ فَذَهَبَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ

اور سلام اولاد تیری کا ہی پس گئی آدم پس کہا سلام ہی تمپر

فَقَالُوا السَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَزَادُوهُ

پس کہا انہون نے سلام ہی تجپر اور رحمت اللہ کی کہا حضرت نے پس زیادہ کیا انہون نے

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ

ورحمۃ اللہ کا فرمایا حضرت نے پس جو شخص داخل ہوگا بہشت مین اوپر صورت

اٰدَمَ وَطُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ

آدم کی ہوگا اور طول اوسکا ساٹھہ ہاتھہ کا ہوگا پس ہمیشہ خلق کم ہوتی رہی

بَعْدَهٗ حَتَّى الْاٰنَ ۞ اِنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

بعد آدم کے اب تلک ف تحقیق ایک شخص نے پوچھا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ قَالَ تُطْعِمُ

صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کونسی خصلتیں اسلام کی بہتر ہین فرمایا کہلاوی

الطَّعَامَ وَتَقْرَءُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَّمْ

کہانا اور کری تو سلام آشنا اور غیر

تَعْرِفْ ۞ لِلْمُؤْمِنِ عَلَى الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ

آشنا پر مؤمن کے مومن پر چھہ حق ہین

يَعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَيَشْهَدُهٗ اِذَا مَاتَ وَيُجِيْبُهٗ

خبر پوچھنی اوسکی جب بیمار ہو اور حاضر ہو اوسکے جنازہ پر جب مری اور قبول کری دعوت

اِذَا دَعَاهُ وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهٗ وَيُشَمِّتُهٗ اِذَا

اوسکی جب بلاوی اوسکو اور سلام کری اوسپر جب ملی اور جواب چھینک کا دی اوسکو جب

عَطَسَ وَيَنْصَحُ لَهٗ اِذَا غَابَ اَوْ شَهِدَ × لَا

چھینکی ف۲ اور خیرخواہی کری اوسکی جب غایب ہو یا حاضر ہو نہین

تدخلون الجنة حتى تؤمنوا ولا تؤمنوا حتى تحابوا

داخل ہو نگے تم بہشت میں یہانتک کہ ایمان لاؤ اور نہیں مومن ہو نگے یہانتک کہ محبت کرو آپسمیں

اولا ادلكم على شيء اذا فعلتموه تحاببتم افشوا

کیا نہ بتاؤں میں تمکو ایک چیز کہ جب کرو اوسکو محبت ہووے آپسمیں چرچا کرو

السلام بينكم ٭ يسلم الراكب على الماشي و

سلام کا آپسمیں سلام کرے سوار پیادے پر اور

الماشي على القاعد والقليل على الكثير ٭ ان

پیادہ بیٹھے پر اور تھوڑے بہت پر تحقیق

رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على غلمان فسلم

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے لڑکوں پر پس سلام کیا

عليهم ٭ لا تبدؤا اليهود ولا النصارى

اون پر نہ ابتدا کرو یہود پر اور نہ نصاری پر

بالسلام واذا لقيتم احدهم في طريق فاضطروه

ساتھ سلام کے اور جب ملو ایک اونکے راہ میں پس تنگ کرو اوسکو

الى اضيقه ٭ اذا سلم عليكم اهل الكتب

طرف تنگ راہ کے ف۲ جب سلام کریں تمپر اہل کتاب یعنے یہود و نصاری

فقولوا وعليكم ٭ اياكم والجلوس بالطرقات

پس کہو وعلیکم بچاؤ تم اپنی کو راہوں کے بیٹھنے سے

فقالوا

فقالوا یا رسول اللہ ما لنا من مجالسنا بد نتحدث
پس کہا صحابہ نے ای رسول خدا کے نہیں گذارہ ہمارا بدون بیٹھنی راہ کے باتیں کرتے ہیں
فیہا قال فاذا ابیتم الا المجلس فاعطوا الطریق
اوسمیں فرمایا پس جب نہ مانا تم مگر بیٹھنا ہی پس دو راہ کو
حقہ قالوا وما حق الطریق یا رسول اللہ قال
حق اوسکا کہا صحابہ نے اور کیا ہی حق راہ کا یا رسول اللہ فرمایا
غض البصر وکف الاذی ورد السلام والامر
ڈہانکنا بینائی کا یعنی غیر مشروع سی اور دور کرنا موذی کا اور جواب سلام کا اور حکم کرنا
بالمعروف والنھی عن المنکر وفی روایۃ و
اچھی بات کا اور منع کرنا بری بات سے اور ایک روایت میں ہی اور
ارشاد السبیل وفی روایۃ وتغیثوا الملھوف
بتانا راہ کا ناواقف کو اور ایک روایت میں ہے اور فریاد رسی کرو مظلوم کی
وتھدوا الضال * ان رجلا جاء الی النبی صلے
اور راہ بتاؤ بھولے کو تحقیق ایک شخص آیا نبی صلے
اللہ علیہ وسلم فقال السلام علیکم فرد علیہ
اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا السلام علیکم پس جواب دیا حضرت نے اوسکو
ثم جلس فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عشر ثم
پھر بیٹھا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو دس نیکیاں ہوئیں پھر

جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَرَدَّ عَلَيْهِ

آیا اور پس کہا اوسنے السلام علیکم ورحمۃ اللہ پس جواب دیا او

فَجَلَسَ فَقَالَ عِشْرُوْنَ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ السَّلَامُ

پس بیٹھا وہ پس فرمایا اسکو بیس نیکیاں ہوئیں پہر آیا اور پس کہا السلام

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ

علیکم ورحمت اللہ وبرکاتہ پس جواب دیا اوسکو پس بیٹھا وہ

فَقَالَ ثَلٰثُوْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ زَادَ ثُمَّ اَتٰى اٰخَرُ فَقَالَ

پس فرمایا اسکو تیس نیکیاں ہوئیں اور ایک روایت میں یہہ زیادہ کیا پہر آیا اور پس کہا

السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَتُهٗ

السلام علیکم ورحمت اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ

فَقَالَ اَرْبَعُوْنَ وَقَالَ هٰكَذَا تَكُوْنُ الْفَضَائِلُ ؕ

پس فرمایا اسکو چالیس نیکیاں ہوئیں اور فرمایا اسیطرح ہوتی ہی زیادتی ثواب میں ف

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَأَ بِالسَّلَامِ ؕ اِنَّ

تحقیق قریب تر لوگونکا ساتہہ رحمت اللہ کے وہ شخص ہی کہ ابتدا کری ساتہہ سلام کے تحقیق

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم گذری عورتوں پر پس سلام کیا

عَلَيْهِنَّ ؕ لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوْا

اون پر ف۲ نہیں ہی ہم میں سی وہ شخص کہ مشابہت کری ساتہہ غیر ہمارے کے مت مشابہت

بالیہود

ف۱ یعنی جتنی لفظ زیادہ کریگا مسلمان زیادہ ثواب وفضل ہوگا اوسے سے زیادہ

ف۲ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ مرد کو عورتوں پر سلام کرنا جائز ہی اگر فتنہ کا خوف نہو اور اگر فتنہ کا خوف ہو تو سلام کرنا جائز نہیں جیسے کہ جوان عورتوں پر سلام کرنا اور اگر وہ سلام کریں تو جواب دل میں دے

بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارٰى فَاِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الْاِشَارَةُ

ساتھہ یہود کے اور نہ ساتھہ نصاریٰ کے پس تحقیق سلام کرنا یہود کا اشارا ہی

بِالْاَصَابِعِ وَتَسْلِيْمَ النَّصَارٰى الْاِشَارَةُ بِالْاَكُفِّ ٭

ساتھہ اونگلیوں کے اور سلام کرنا نصاریٰ کا اشارہ ہی ساتھہ ہتھیلیوں کے

اِذَا لَقِيَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ فَاِنْ حَالَتْ بَيْنَهُمَا

جب ملی ایک تمہاری کا بہائی اپنی سے پس سلام کری اوسپر پس اگر حائل ہو درمیان دونون

شَجَرَةٌ اَوْ جِدَارٌ اَوْ حَجَرٌ ثُمَّ لَقِيَهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ ٭ اِذَا

درخت یا دیوار یا پتہر پہر ملی اوس سے پس سلام کرے اوپر جب

دَخَلْتُمْ بَيْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰى اَهْلِهٖ وَاِذَا خَرَجْتُمْ فَاَوْدِعُوْا

داخل ہو تم گہر مین پس سلام کرو گہر والون پر اور جب نکلو پس رخصت کرو

اَهْلَهٗ بِسَلَامٍ ٭ يَا بُنَيَّ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰى اَهْلِكَ فَسَلِّمْ

گہر والونکو ساتھہ سلام کے ای بیٹی میری یعنی انس جب داخل ہووی تو اپنی گہر والونپر پس سلام کر

يَكُوْنُ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ ٭ اِذَا انْتَهٰى

ہوویگا سلام برکت تجہپر اور گہر والون تیرے پر جب پہنچی

اَحَدُكُمْ اِلَى مَجْلِسٍ فَلْيُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَا لَهٗ اَنْ يَجْلِسَ

ایک تم مین کا طرف مجلس کے پس چاہیے کہ سلام کری پس اگر دل مین آوی اوسکی یہہ کہ بیٹہی

فَلْيَجْلِسْ ثُمَّ اِذَا قَامَ فَلْيُسَلِّمْ فَلَيْسَتِ الْاُوْلٰى بِاَحَقَّ مِنَ

پس بیٹہی پہر جب اوٹہی پس سلام کری پس نہین ہی پہلا سلام لائق تر

الآخرة ۞ باب اذن چاہنی کا قال فدخلت علیہ

دوسرے کی ف ۔ کہا کلدہ صحابی نے پس داخل ہوا میں نبی پر

ولم اسلم ولم استاذن فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

پاس اور نہ سلام کیا میں نے اور نہ اذن چاہا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

ارجع فقل السلام علیکم أأدخل ۞ لا تاذنوا لمن لم یبدأ

پھر جا پس کہہ السلام علیکم میں آؤں ۔ مت اذن دو اوسکو کہ نہ ابتدا کری

بالسلام ۞ باب مصافحہ اور معانقہ کا قبل رسول

ساتھ سلام کے ۔ بوسہ لیا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحسن بن علی وعندہ الاقرع

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن بن علی کا اور نزدیک اوسکے تہے اقرع

بن حابس فقال الاقرع ان لی عشرة من الولد ما قبلت

بن حابس صحابی تھے پس کہا اقرع نے کہ تحقیق میری دس لڑکے ہیں نہیں بوسہ لیا میں نے

منہم احدا فنظر الیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اونمیں سے کسیکا پس نظر کی طرف اوسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

ثم قال من لا یرحم لا یرحم ۞ ما من مسلمین یلتقیان

پھر فرمایا جو نہیں رحم کرتا نہیں رحم کیا جاتا ۔ نہیں ہیں دو مسلمان کہ ملیں آپس میں

فیتصافحان الا غفر لہما قبل ان یتفرقا وفی روایۃ

پس مصافحہ کریں مگر کہ بخشش کی جاتی ہی اونکے لئے پہلے جدا ہونے سے اور ایک روایت میں ہی

إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ

جب ملین دو مسلمان پس مصافحہ کرین اور حمد کرین اللہ کی اور بخشش چاہین اوس سے

غُفِرَ لَهُمَا * قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَّا يَلْقَى أَخَاهُ

بخشش کیجاتی ہی اونکی واسطے کہا ایک شخص نے ای رسول خدا ایک شخص ہم مین سے ملتا ہی بہای اپنی کو

أَوْ صَدِيقَهُ أَيَنْحَنِي لَهُ قَالَ لَا قَالَ أَفَيَلْتَزِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ

یا یار اپنی سے کیا جہکے اوسکے لئے فرمایا نہ کہا کیا گلی لگے اوسکے اور بوسہ لیوی اوسکا

قَالَ لَا قَالَ أَفَيَأْخُذُ بِيَدِهِ وَيُصَافِحُهُ قَالَ نَعَمْ * تَمَامُ

فرمایا نہ کہا کیا پکڑی ہاتہہ اوسکا اور مصافحہ کری اوس سے فرمایا ہان پوری

عِيَادَةِ الْمَرِيضِ أَنْ يَضَعَ أَحَدُكُمْ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ أَوْ عَلَى

عیادۃ بیمار کی یہہ ہی کہ رکہے ایک تم مین کا ہاتہہ اپنا بیمار کی پیشانی پر یا اوسکی

يَدِهِ فَيَسْأَلَهُ كَيْفَ هُوَ وَتَمَامُ تَحِيَّاتِكُمْ بَيْنَكُمُ الْمُصَافَحَةُ

ہاتہہ پر پس پوچہی اوسکو کہ کیسا ہی وہ اور پوری سلام علیک تمہاری آپسمین مصافحہ ہی

قَدِمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ الْمَدِينَةَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

آئی زید بیٹی حارثہ مدینہ مین اور رسول خدا صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي فَأَتَاهُ فَقَرَعَ الْبَابَ فَقَامَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ

وسلم گہر میری مین تہی یعنی عائشہ کی پس آئی وہ حضرت پاس پس کہٹکہٹایا دروازہ پس اوٹہی طرف اونکی رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرْيَانًا يَجُرُّ ثَوْبَهُ وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُهُ

صلے اللہ علیہ وسلم برہنہ کہینچتی ہوی کپڑا اپنا قسم ہی خدا کی نہین دیکہا مینے اونکو

عُرْيَانًا قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ فَاعْتَنَقَهُ وَقَبَّلَهُ * اِنَّ حَسَنًا وَ

ننگے پہلے اسکے اور نہ پیچھے اسکے پس گلے لگایا اونکو اور بوسہ لیا اونکا تحقیق حسن اور

حُسَيْنًا اسْتَبَقَا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَمَّهُمَا

حسین دوڑے طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس گلے لگایا

اِلَيْهِ وَقَالَ اِنَّ الْوَلَدَ مَبْخَلَةٌ وَمَجْبَنَةٌ * مَنْ صَلَّى اَرْبَعًا

اونکو اپنی اور فرمایا کہ تحقیق اولاد سبب بخل اور نامردی کی ہی ف۲ جو کوئی پڑہی چار رکعت

قَبْلَ الْهَاجِرَةِ فَكَاَنَّمَا صَلَّاهُنَّ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَالْمُسْلِمَانِ

پہلے دوپہر کے یعنی چاشت پس گویا کہ پڑہیں وہ لیلۃ القدر میں اور دو مسلمان

اِذَا تَصَافَحَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَهُمَا ذَنْبٌ اِلَّا سَقَطَ * بَابٌ

جب مصافحہ کریں نہیں باقی رہتا درمیان اونکے کوئی گناہ مگر کہ گر پڑتا ہی

اوٹھنی کا تعظیم کی لئی لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ

جب اوترا بنو قریظہ اوپر حکم

سَعْدٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ وَكَانَ

سعد کے بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی طرف سعد کے اور تہی

قَرِيْبًا مِّنْهُ فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ رَسُوْلُ

قریب حضرت کے پس آئی وہ گدہی پر پس جب قریب ہوئی مسجد سے فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ *

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انصار کو اوٹھو طرف سید اپنی کے ف۳

لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه ثم يجلس فيه ولكن

نہ اوٹھاوی کوئی شخص کسیکو جگہ بیٹھنے اوسکے سے پھر بیٹھی اوسمین ولیکن کہی

تفسحوا وتوسعوا * من قام من مجلسه ثم رجع اليه

کھلکر جاؤ اور فراخ ہوجاؤ * جو کوئی اوٹھے مجلس اپنی سے پھر اوسکی طرف

فهو احق به * لم يكن شخص احب اليهم من رسول

پس لائق تر ہی ساتھ اوسکی * نہیں تہا کوئی شخص بہت پیارا طرف صحابہ کے رسول

الله صلى الله عليه وسلم وكانوا اذا راوه لم يقوموا

خدا صلے الله علیہ وسلم سے اور تہی وہ جب دیکھتی تہی اوسکو نہین اوٹہتی

لما يعلمون من كراهيته لذلك * من سره ان

اسلیے کہ جانتی تہی کہ ناخوش لگتا ہی حضرت کو کھڑا ہونا * جسکو خوش آوی یہ

يتمثل له الرجال قياما فليتبوأ مقعده من النار *

کہ مثل تصویر کی سیدہے اوسکی لیے آدمی کہڑی ہوئی کہ پس چاہیے کہ طلب کری جگہ اپنی آگ سے

جاء ابا بكرة في شهادة فقام له رجل من مجلسه

آیا [illegible] پاس ابوبکرہ ایک گواہی مین پس اوٹھا اوسکے لیے ایک شخص جگہ اپنی سی

فابى ان يجلس فيه وقال ان النبي صلى الله عليه

پس انکار کیا ابوبکرہ نے بیٹھنے کا اوسمین اور کہا کہ تحقیق نبی صلے الله علیہ

وسلم نهى عن ذا ونهى النبي صلى الله عليه وسلم

وسلم نے منع کیا ہی اس سے * اور منع کیا نبی صلے الله علیہ وسلم نے اس

به الارض فهو يتجلجل فيها الى يوم القيمة ۞ كان

وہ زمین میں پس وہ چلا جاتا ہی اوسمین دن قیامت تلک

فراش رسول الله صلى الله عليه وسلم نحوا مما يوضع

بچھونا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا مثل اوسچیز کی کہ رکھی گئی

في قبره وكان المسجد عند راسه ۞ قال بينما

قبر او نکی مین ف اور ہوئی مسجد نزدیک سر اونکے ف کہا طخفہ نی جسوقت کہ مین

انا مضطجع من السحر على بطني اذا رجل يحركني

لیٹا ہوا تہا پیٹہہ کے بل بسبب بیماری پہیپڑہ کے کہ ناگاہ ایک شخص ہلاتا ہی مجکو

برجله فقال ان هذه ضجعة يبغضها الله فنظرت

ساتھہ پاؤن اپنی کے پس کہتا ہی تحقیق کہ یہہ لیٹنا ہی کہ برا جانتا ہی اسکو اللہ پس دیکہا مینے

فاذا هو رسول الله صلى الله عليه وسلم ۞ نهى

پس ناگاہ وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تہے منع کیا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ينام الرجل على

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسسے کہ سووے آدمی اوپر

سطح ليس بمحجور عليه ۞ ملعون على لسان محمد

چہت کے کہ نہ منڈیر ہو اوسپر لعنت کیا گیا ہی اوپر زبان محمد

صلى الله عليه وسلم من قعد وسط الحلقة ۞ خير

صلے اللہ علیہ وسلم کے وہ شخص کہ بیٹھی درمیان مین حلقہ کے ف بہتر مین

فاذا عطس احدکم وحمد اللہ کان حقا علی کل مسلم

پس جب چھینکے کوئی تم میں کا اور الحمد للہ کہے تو ہوتا ہی حق ہر مسلمان پر

سمعه ان یقول له یرحمک اللہ واما التثاؤب فانما

کہ سنی اوسکو یہ کہ کہی واسطے اوسکے رحم کری تجھپر اللہ لیکن جمائی پس سوای اسکے نہیں

هو من الشیطن فاذا تثاءب احدکم فلیرده ما استطاع

کہ وہ شیطان کی طرف سے ہی پس جب جمائی لے ایک تمہارا پس چاہیے کہ رد کرے اسکو

فان احدکم اذا تثاءب ضحک منه الشیطن خ اذا

پس تحقیق ایک تم میں کا جب جمائی لیتا ہی خوش ہوتا ہی اوس سے شیطان جب

تثاءب احدکم فلیمسک بیده علی فیه فان الشیطن

جمائی لے ایک تم میں کا پس چاہیے کہ رکھی ہاتھ اپنا مونھ پر پس تحقیق شیطان

یدخل خ ان النبی صلی اللہ علیه وسلم کان اذا عطس

داخل ہوتا ہی مونھ میں تحقیق حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب چھینکتے تھے

غطی وجهه بیده او ثوبه وغض بها صوته خ اذا

ڈھانکتے مونھ اپنا ہاتھ سے اپنے یا کپڑے اپنے سے اور پست کرتے ساتھ اوسکی آواز اپنی جب

عطس احدکم فلیقل الحمد للہ علی کل حال ولیقل الذی

چھینکے ایک تم میں کا پس چاہیے کہ کہی الحمد للہ علی کل حال اور کہی وہ جو

یرد علیه یرحمک اللہ ولیقل هو یهدیکم اللہ ویصلح

جواب دیتا ہی اوسکا یرحمک اللہ اور کہی پھر چھینکنے والا یہدیکم اللہ ہدایت کری تمکو اللہ اور سنوری

يُسَمّٰى مَلِكَ الْأَمْلَاكِ ۞ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ

کہ نام رکھا جاوے شہنشاہ ۔ مت کہو جو چاہے اللہ اور چاہے

فُلَانٌ وَلٰكِنْ قُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ ۞ لَا تَقُولُوا

فلانا و لیکن کہو جو چاہے اللہ پھر چاہے فلانا ۔ مت کہو

لِلْمُنَافِقِ سَيِّدٌ فَإِنَّهُ إِنْ يَكُ سَيِّدًا فَقَدْ أَسْخَطْتُمْ رَبَّكُمْ

منافق کو سردار پس تحقیق اگر وہ ہے سردار پس تحقیق غصے کیا تم نے رب اپنے کو

باب بیان اور شعر کا ۞ هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُونَ قَالَهَا ثَلٰثًا ۞

ہلاک ہوئے بیجا مبالغہ کرنے والے فرمایا یہ تین بار

أَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيدٍ أَلَا كُلُّ شَيْءٍ

سچا شعر کہ کہا اوسکو شاعر نے شعر لبید کا ہے آگاہ ہو ہر چیز

مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ ۞ اُهْجُ الْمُشْرِكِينَ فَإِنَّ جِبْرِيلَ مَعَكَ

سوای خدا کے فانی ہے ۔ ہجو کر مشرکوں کی پس تحقیق جبرئیل ساتھ تیرے ہے

وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِحَسَّانَ

اور تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ فرماتے تھے حسان کو

أَجِبْ عَنِّي اللّٰهُمَّ أَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ۞ اَلْحَيَاءُ وَالْعِيُّ

جواب دے میری طرف سے یا اللہ تائید کر اوسکی ساتھ جبرئیل کے ۔ حیا اور کم گوئی

شُعْبَتَانِ مِنَ الْإِيمَانِ وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ

دو شاخیں ہیں ایمان سے ۔ اور تیز زبانی اور بیان دو شاخیں ہیں

الرِّجَالِ اَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَرْفًا
لوگونکے یا فرمایا ال آدمیونکی نہین قبول کریگا اللہ اوس سے دن قیامت کے نفل
وَّلَا عَدْلًا ٭ قَالَ يَوْمًا وَقَامَ رَجُلٌ فَاَكْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ
اور نہ فرض ٭ کہا عمرو بن عاص نے ایکدن اوس حال مین کہ کہڑا ہوا ایک شخص پس بہت کلام کیا پس
عَمْرٌو لَوْ قَصَدَ فِيْ قَوْلِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
عمرو نے اگر میانہ روی کرتا یہ اپنی کلام مین تو البتہ ہوتا بہتر اسکی لئی سنا مینے رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَقَدْ رَاَيْتُ اَوْ اُمِرْتُ
خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتی ہی البتہ تحقیق جانتا ہون مین یا فرمایا کہ حکم کیا گیا مین
اَنْ اَتَجَوَّزَ فِي الْقَوْلِ فَاِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَيْرٌ ٭ اِنَّ مِنَ
اختصار کرنیکا بات مین پس تحقیق مختصر کلام وہی بہتر ہی ٭ تحقیق بعضا
الْبَيَانِ سِحْرًا وَاِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَهْلًا وَاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ
بیان جادو ہی اور تحقیق بعضا علم جہل ہے اور تحقیق بعضا شعر
حُكْمًا وَاِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عِيَالًا ٭ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
حکمت ہی اور تحقیق بعضی بات وبال ہے ٭ مذکور ہوا روبرو رسول خدا
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
صلے اللہ علیہ وسلم کے شعر کا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَلَامٌ فَحَسَنُهٗ حَسَنٌ وَقَبِيْحُهٗ قَبِيْحٌ ٭
علیہ وسلم نے کہ وہ ایک کلام ہی پس اچہا اوسکا اچہا ہی اور برا اوسکا برا ہی

قال بينا نحن نسير مع رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہا ابو سعید نے جس وقت کہ ہم چلتے تھے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

بالعرج اذ عرض شاعر ينشد فقال رسول الله صلى الله

موضع عرج میں کہ ناگاہ پیش آیا ایک شاعر کہ شعر پڑھتا تھا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم خذوا الشيطن او امسكوا الشيطن لان

علیہ وسلم نے پکڑو اس شیطان کو یا فرمایا روکو اس شیطان کو البتہ

يمتلئ جوف رجل قيحا خير له من ان يمتلئ شعرا

پیٹ بہرنا آدمی کا پیپ سی بہتر ہی اوسکے لئی شعر بہرنی سے

الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء

راگ سبب اوگانی نفاق کا ہوتا ہی دل میں جیسا کہ سبب اوگانیکا ہوتا ہی پانی

الزرع نا قال كنت مع ابن عمر في طريق فسمع

کہیتی کو کہا نافع نے کہ تہا میں ساتھ ابن عمر کے راہ میں پس سنی انہوں نے

مزمارا فوضع اصبعيه في اذنيه ونأى عن الطريق

آواز نی کی پس رکہیں اونگلیاں اپنی کانوں اپنی میں اور دور پہری راستے

الى الجانب الاخر ثم قال لي بعد ان بعد يا نافع

جانب دوسری پہر فرمایا مجہکو بعد اسکے کہ دور ہو گئے ای نافع

هل تسمع شيئا قلت لا فرفع اصبعيه من اذنيه

سنتا ہی تو کچھ کہا میں نے نہیں پس اوٹہائیں ابن عمر نے اونگلیاں اپنی کانوں اپنی سے

قال

قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ

کہا آہا مین ساتھہ رسول خدا کے صلے اللہ علیہ وسلم کے پس سنی حضرت نے

صَوْتَ يَرَاعٍ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ قَالَ نَافِعٌ وَكُنْتُ

آواز نَی کی پس کیا حضرت نی مانند اوسکے کہ کیا مینے کہا نافع نی اور تہا مین

اِذْ ذَاكَ صَغِيرًا ۞ بابُ محافظت زبان کا اور برائی غیبت

اوس وقت چھوٹا

کا اور گالی بکنا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَنْ يَضْمَنْ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنْ لَهُ

جو کوئی محافظت کری میری لئی زبان اپنی کی اور ستر اپنی کی ضامن ہونگا مین اوسکی لئی

الْجَنَّةَ ۞ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ

جنت کا تحقیق بندا البتہ بولتا ہی ایک بات خوشنودی اللہ تعالے کی سے

لَا يُلْقِي لَهَا بَالًا يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ وَاِنَّ الْعَبْدَ

نہین دہیان کرتا ہی طرف انجام اوسکے بلند کرتا ہی اللہ بسبب اوسکی درجے اور تحقیق بندا

لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِي لَهَا بَالًا

البتہ بولتا ہی ایک بات خلاف رضامندی اللہ کے نہین دہیان کرتا ہی طرف انجام اوسکے

يَهْوِي بِهَا فِي جَهَنَّمَ وَفِي رِوَايَةٍ يَهْوِي بِهَا فِي النَّارِ

گرتا ہی بسبب اوسکی دوزخ مین اور ایک روایت مین ہی گرتا ہی بسبب اوسکی دوزخ مین

أبعد ما بين المشرق والمغرب ٭ سباب المسلم

دور تر اوس چیز سی کہ درمیان مشرق اور مغرب کی ہی ۔ برا کہنا مسلمان کا

فسوق وقتاله كفر ٭ أيما رجل قال لأخيه كافر

نافرمانی ہی خدا کی اور مار ڈالنا اوسکا خصلت کفر کی ہی ۔ جو شخص کہ کہتا ہی بہائی اپنی کو کافر

فقد باء بها أحدهما ٭ لا يرمي رجل رجلا بالفسوق

پس تحقیق رجوع کرتا ہی ساتھ اوسکی ایک دو میں کا ۔ نہیں تہمت کرتا ایک شخص کسیکو ساتھ فسق کی

ولا يرميه بالكفر إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه

اور نہیں تہمت کرتا ہی اوسکو ساتھ کفر کی مگر کہ پہرتی ہی وہ بات کہنی والے پر اگر ویسا نہیں ہی صاحب

كذلك ٭ المستبان ما قالا فعلى البادي ما لم يعتد

یعنی جسکو کہا کافر یا فاسق ۔ دو شخص برا کہنی والے جو کہتی ہیں پس گناہ شروع کرنیوالے پر ہوتا ہی جب تک کہ تجاوز نہ

المظلوم ٭ إن اللعانين لا يكونون شهداء ولا

کری مظلوم ۔ تحقیق لعنت کرنیوالے نہیں ہونگے گواہی دینیوالے اور نہ

شفعاء يوم القيمة ٭ إذا قال الرجل هلك الناس

شفاعت کرنیوالے دن قیامت کے ۔ جب کہی آدمی کہ ہلاک ہوویں لوگ

فهو أهلكهم ٭ تجدون شر الناس يوم القيمة

پس وہ بہت ہلاک ہونیوالا اونکا ہی ۔ پاؤگی تم برا لوگونکا دن قیامت کے

ذا الوجهين الذي يأتي هؤلاء بوجه وهؤلاء

دو رویہ کو وہ جو آتا ہی ایک جماعت کے پاس ساتھ ایک طرح کی اور ایک جماعت کے پاس

أَثْنَى رَجُلٌ عَلَى رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تعریف کی ایک شخص نے ایک کی نزدیک نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے

فَقَالَ وَيْلَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ أَخِيكَ ثَلَاثًا مَنْ كَانَ مِنْكُمْ

بس فرمایا وائی تجکو کاٹی تونی گردن بہائی اپنی کی فرمایا یہہ تین بار جو کوئی ہو تم مین سے

مَادِحًا لَا مَحَالَةَ فَلْيَقُلْ أَحْسِبُ فُلَانًا وَاللهُ حَسِيبُهُ

تعریف کرنیوالا ضرور کر بس چاہئی کہ کہے گمان کرتا ہون مین فلانی کو ایسا اور اللہ حساب کرنیوالا

إِنْ كَانَ يَرَى أَنَّهُ كَذَلِكَ وَلَا يُزَكِّي عَلَى اللهِ أَحَدًا

اگر ہی دیکہتا کہ تحقیق وہ ایسا ہی ہی اور نہ پاک کرے اللہ پر کسیکو یقینا ف

أَتَدْرُونَ مَا الْغِيبَةُ قَالُوا اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ ذِكْرُكَ

جانتی ہو تم کہ کیا ہی غیبت عرض کیا صحابہ نے اللہ اور رسول اوسکا خوب جانتا ہی فرمایا غیبت ہی ذکر کرنا

أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ قِيلَ أَفَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ فِي أَخِي مَا أَقُولُ

بہائی اپنی کو اوسطرح کہ برا مانے عرض کیا کیا خبر دو اگر ہو بہائی میری مین جو کچہہ کہ کہتا ہون

قَالَ إِنْ كَانَ فِيهِ مَا تَقُولُ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ

فرمایا اگر ہو اوسمین جو کچہہ کہ کہتا ہی تو بس تحقیق غیبت کی تونی اوسکی اور اگر نہو اوسمین

مَا تَقُولُ فَقَدْ بَهَتَّهُ ۔ إِنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ عَلَى

جو کچہہ کہ کہتا ہی تو بس تحقیق بہتان کیا تونی اوسکو ف تحقیق ایک شخص نے اذن مانگا حضرت

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْذَنُوا لَهُ فَبِئْسَ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہونیکا بس فرمایا اذن دو اوسکو بس برا ہی

أَخُوا الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
یہہ شخص اس قبیلہ مین پس جب بیٹھا وہ خوشی ظاہر کی نبی صلے اللہ علیہ
